سوال نمبر: 2445 منجانب: بہادر خان صاحب، رُکن صوبائی اسمبلی

	سوال	محکمانہ جوابات
	کیا وزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ	
(الف)	آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے پی کے 16 میں گزشتہ کئی سالوں سے واٹر سپلائی سکیم کے ٹیوب ویلز تعمیر کیئے ہیں جو کہ عوام کیلئے پینے کا پانی مہیا کرتے ہیں؟	ہاں یہ درست ہے کہ محکمہ نے پی کے-16 میں گذشتہ کئی سالوں سے واٹر سپلائی سکیم کے ٹیوب ویلز تعمیر کیے ہے جو کہ عوام کیلئے پینے کا صاف پانی مہیا کرتے ہیں۔
(ب)	آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیموں میں بعض ٹیوب ویل بند پڑے ہیں	یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکیموں میں بعض ٹیوب ویلز بند پڑے ہیں۔
(ج)	اگر (ا) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کل کتنی سکیمیں تعمیر کی گئی ہیں اور جو فعال نہیں ہیں اُن کی وجوہات بتائی جائے کہ کروڑوں روپے سے تعمیر شدہ ٹیوب ویل جن میں واٹر سپلائی سکیمیں تا حال کیوں بند پڑی ہیں جبکہ سٹاف بغیر ڈیوٹی تنخواہیں لے رہے ہیں تفصیل فراہم کی جائے	پی کے-16 میں کل تعمیر شدہ سکیمیں 41 ہیں اور ان میں جو فعال نہیں ہے۔اُن کے نام اور وجوہات درج ذیل ہیں۔ (i) واٹر سپلائی سکیم دیارون-II بند ہونے کی وجہ:۔پول بجلی لائن کیلئے بعض مالکان زمین اجازت نہیں دے رہے تھے۔جو کہ لوکل ایڈمنسٹریشن کے توسط سے راضی کئے گئے ہیں اور اب واپڈا والوں نے پولز کی تنصیب کا کام شروع کیا ہوا ہے جو کہ جلد مکمل ہو جائے گا۔ (ii) واٹر سپلائی سکیم گرزہ بند ہونے کی وجہ:۔ٹیوب ویل خشک ہو گیا تھا۔جس کی متبادل نئے ٹیوب ویل پر کام شروع کر دیا گیا ہے۔ (iii) واٹر سپلائی سکیم کوہم بند ہونے کی وجہ:۔میٹر کنکشن کا مسئلہ ہے۔واپڈا کو نئے میٹر لگانے کیلئے لیٹر بھیجا گیا ہے۔ (iv) واٹر سپلائی سکیم گوور قلعہ شالکنڈی بند ہونے کی وجہ:۔سپلائی مین کا مسئلہ ہے جو کہ اس سال ADP میں شامل کیا گیا ہے۔ (v) واٹر سپلائی سکیم بادین-II بند ہونے کی وجہ:۔یہ سکیم بجلی کی وجہ سے بند ہے لیکن اب بجلی لائن پر کام شروع ہے بہت جلد مکمل ہو جائے گا۔ (vi) واٹر سپلائی سکیم مندیرو بند ہونے کی وجہ:۔اس سکیم کے سارے پائپ لائنز زنگ آلود ہو چکے ہیں جنکی بھی خراب ہو چکی ہے۔جسکی بحالی کے لئے PC-I کا تخمینہ لگایا جا رہا ہے۔ADP 18-19 میں شامل کیا جائے گا۔ اس سکیم کیلئے پی سی-I ان فنکشنل میں شامل کیا گیا ہے۔